# 36854 ـ احرام کی حالت میں بیلٹ باندھنے میں کوئي حرج نہیں

**سوال**

کیا ضرورت کی اشیاء پیسے اورکاغذات وغیرہ رکھنے کے لیے بیلٹ باندھ سکتا ہوں ، حالانکہ وہ سلی ہوئی ہوتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

تہہ بند ( جوچادر نیچے باندھی جاتی ہے ) کے اوپربیلٹ باندھنے میں کوئي حرج نہیں ۔

اورسائل کا یہ کہنا ہے کہ وہ سلی ہوئي ہوتی ہے : یہ قول بعض عامۃ الناس کی غلط سمجھ کی وجہ سے پیدا ہوا ہے کیونکہ وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ اس سے مراد ہروہ چیز ہے جس میں سلائي ہو ، حالانکہ معاملہ ایسا نہیں ، بلکہ سلی ہوئي چیز سے اہل علم کی مراد یہ ہے کہ وہ چیزجوجسم کےاعضاء کے مطابق بنائي گئي ہو
اور اسے عام قمیص، شلوار، اور بنیان وغیرہ کی طرح پہنا جائے۔

اہل کی اس سے وہ چیزمراد نہیں لیتے جس میں سلائي ہو ، اس لیے اگرکسی انسان نے پیوندلگی ہوئي چادروں میں احرام باندھا تواس میں کوئي حرج نہیں ، اگرچہ وہ وہ پیوند لگانے کے لیے اس کی سلائي بھی کی ہوئي ہے ۔اھـ

واللہ اعلم .